**18.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..........آسیہ میمونہ

**Music**

--------------------------------

☆ بھارت اور Oman نے دونوں ملکوں کے درمیان تجارتی تعلقات کو گہرا کرنے کیلئے جامع اقتصادی شراکت داری کے سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔

☆ Oman کے شاہ نے وزیر اعظم نریندر مودی کو ''Order of Oman'' ایوارڈ تفویض کیا ہے۔ وہ تین ملکوں کو کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد واپس نئی دلّی کیلئے روانہ ہوگئے ہیں۔

☆ پارلیمنٹ نے قومی بہبود کیلئے نیوکلیائی توانائی کی ترقی کے شانتی بل کو منظوری دے دی ہے۔

☆ راجیہ سبھا میں وکست بھارت–جی رام جی بل غور کرنے اور منظوری کیلئے پیش کیا گیا ہے۔

☆ اور بھارت کی مردوں اور خواتین کی ٹیموں نے دُبئی میں رول بال عالمی کپ کے خطاب حاصل کرلئے ہیں۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Oman**

بھارت اور Oman نے، Oman کے شاہ اور وزیراعظم کی موجودگی میں، جامع اقتصادی شراکت داری کے معاہدے پر دستخط کرکے، دونوں ملکوں کے درمیان باہمی اقتصادی تعلقات میں ایک نمایاں سنگ میل قائم کیا ہے۔ دونوں اعلیٰ لیڈروں نے سمجھوتے پر دستخط کرنے کا خیر مقدم کیا ہے۔ جناب مودی نے اُن کے ساتھ شاہی محل میں باہمی مفادات کے اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا، جہاں شاہ سلطان نے اُنھیں خوش آمدید کہا اور اُن کا روایتی طور پر خیر مقدم کیا گیا۔ دونوں لیڈروں نے بالمشافہ اور وفود کی سطح پر بات چیت کی۔ وزیر اعظم نریندر مودی کو Oman کے شاہ سلطان Haitham بن طارق نے "Order of Oman" ایوارڈ تفویض کیا۔ یہ ایوارڈ آج اُنھیں مسقط کے شاہی محل میں ایک تقریب کے دوران، بھارت–Oman تعلقات میں اُن کے غیرمعمولی تعاون اور اُن کی دور اندیش قیادت کیلئے دیا گیا ہے۔

وزیر اعظم کے Oman کے دورے کے دوران ایوارڈ کی تفویض، دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے 70سال پورے ہونے کے موقع پر ہوئی ہے، جو اِس موقع اور جامع شراکت داری کی خصوصی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔ وزیراعظم نے دونوں ملکوں کے درمیان طویل مدتی دوستی کے تئیں احترام کا اظہار کیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**VC Rajesh Bali**

وزیر اعظم نریندر مودی کا Oman کا دورہ بہت اہمیت کا حامل رہا ہے۔ یہ دورہ، ایسے وقت میں ہوا ہے، جب دونوں دوست ممالک، سفارتی تعلقات کے 70سال مکمل ہونے کا جشن منا رہے ہیں۔ وزیر اعظم نے Oman کے سلطان حیثم بن طارق کی دعوت پر یہ سرکاری دورہ کیا تھا۔

انھیں عمان کے سلطان کی طرف سے عمان کے اعزاز ''Order of Oman'' سے بھی نواز گیا۔ جناب مودی کو یہ ایوارڈ بھارت اور Oman کے تعلقات میں ان کے تعاون اور ان کی بصیرت انگیز قیادت کیلئے دیا گیا ہے۔ بھارت–Oman مشترکہ بیان میں، دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعلقات میں فروغ، تجارت میں توسیع، سرمایہ کاری، دفاع، سکیورتی، ٹیکنالوجی، تعلیم اور عوام سے عوام کے درمیان رابطوں پر اطمنان کا اظہار کیا ہے۔

Oman سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## PM Three Nation Conclaude

وزیر اعظم نریندر مودی Oman، ایتھوپیا اور اردن کا اپنا تین ملکوں کا کامیاب دورہ مکمل کرکے واپس دلّی کیلئے روانہ ہوگئے ہیں۔x

## PM WHO Summit

وزیر اعظم نریندر مودی کل نئی دلّی میں روایتی ادویہ سے متعلق WHO کی دوسری عالمی چوٹی کانفرنس کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گے۔ اس موقع پر وہ اجتماع سے خطاب کریں گے اور بہت سے کلیدی آیوش اقدامات کا آغاز کریں گے۔ اِن میں مائی آیوش Integrated سروسز پورٹل شامل ہے، جو آیوش شعبے کیلئے ایک بڑا ڈیجیٹل پورٹل ہے۔ وہ 'آیوش مارک' کی بھی نقاب کشائی کریں گے، جسے آیوش مصنوعات اور خدمات کے معیار کیلئے عالمی علامت کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ جناب مودی یوگا میں تربیت سے متعلق WHO کی تکنیکی رپورٹ اور ''بنیادی سطح سے عالمی پیمانے تک : آیوش میں تبدیلی کے 11سال'' کی ایک کتاب کا اجراء بھی کریں گے۔x

## Rev Shanti Bill 2025

ایٹمی توانائی کے محکمے کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے میں ''بھارت کی کایاپلٹ کیلئے نیوکلیائی توانائی کی پائیدار افزودگی اور اُسے بہتر بنانے کا بل 2025''، آج راجیہ سبھا میں پیش کیا۔ لوک سبھا نے اِس بل کو ترامیم کے ساتھ کل منظور کرلیا تھا۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ شانتی بل کا مقصد ملک کی عوام کی بہبود کیلئے نیوکلیائی توانائی کی فروغ کرنا اور نیوکلیائی بجلی پیدا کرنے کیلئے تابکاری کو الگ کرنا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ...

**VC Adarsh**

یہ بل، نیوکلیائی توانائی کے جامع اور محفوظ استعمال کیلئے انضباطی فریم ورک فراہم کرے گا۔ اِس بل میں ایٹمی توانائی، انضباطی بورڈ اور ایٹمی توانائی Redressal اڈوائیزری کاؤنسل کے قیام کی بھی گنجائش موجود ہے۔ ساتھ ہی یہ بل، نیوکلیائی حادثے کی صورت میں نیوکلیائی Fund Liability تشکیل دیتے ہوئے مرکزی حکومت کی Liability طے کرے گا۔

یہ قانون، بورڈ کو کسی بھی تابکاری مواد اور تابکاری پیدا کرنے والے آلات کی مینوفیکچرنگ، استعمال، برآمد، در آمد، حمل و نقل اور اُس کی منتقلی کے قابل بنائے گا۔ بل کے تحت تشکیل دی گئی ایڈوائیزری کاؤنسل، مرکزی حکومت یا AERB کے خلاف احکامات یا فیصلوں پر اپیلوں کی سماعت کرے گی۔ یہ نیا بل، ایٹمی توانائی قانون 1962اور نیوکلیائی نقصان کی Civil Liability کے قانون 2010 کی جگہ لے گا۔

نئی دلّی سے آدرش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں تنویر الفرید

## RS Viksit Bharat G-Ram-G Bill

راجیہ سبھا میں وکست بھارت روزگار گارنٹی اور Ajeevika مشن گرامین بل– 2025غور کرنے اور منظور کرنے کیلئے پیش گیا ہے۔ اس بل کا مقصد 2047 تک وکست بھارت کے قومی نظریئے سے مطابقت رکھتے ہوئے دیہی ترقی کی خاطر ایک طریقہ کار قائم کرنا ہے۔ اس بل کے تحت ہر اُس دیہی کنبے کے بالغ افراد کو، ہر مالی برس میں 125دن کے روزگار کی گارنٹی فراہم کی جائے گی، جو غیر ہنرمند کام کے خواہشمند ہوں۔ بل پر بحث جاری ہے۔ لوک سبھا اِس بل کو پہلے ہی منظوری دے چکی ہے۔x

## RS Khelo India

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ اپریل 2024 تک کھیلو انڈیا اسکیم کے تحت ملک بھر میں 28ہزار سے زیادہ کھلاڑیوں کو کھیلو انڈیا مراکز پر تربیت فراہم کی گئی ہے۔ کھیلوں اور نوجوانوں کے امور کے وزیر منسکھ مانڈویہ نے آج راجیہ سبھا میں ایک تحریری سوال کے جواب میں یہ بات کہی۔ وزیر موصوف نے کہا ملک بھر میں 991 کھیلو انڈیا مراکز چلائے جا رہے ہیں۔

## NIA Delhi Blast

قومی تحقیقاتی ایجنسی (NIA ) نے پچھلے مہینے دہلی میں بم دھماکہ معاملے سے متعلق ایک دیگر اہم ملزم کو گرفتار کیا ہے۔ NIA نے کہا کہ Yasir Ahmed Dar جموں و کشمیر کے سری نگر کے شوپیاں کا رہنے والا ہے، جسے اس معاملے میں بطور ملزم گرفتار کیا گیا ہے۔

اسے NIA کی ٹیم نے دہلی سے گرفتار کیا ہے۔ انسدادِ دہشت گردی ایجنسی نے لال قلعہ علاقے میں ہوئے اس دہشت گردانہ حملے میں کی گئی سازش میں ملوث پایا ہے، جس میں 11افراد کی موت ہو گئی تھی اور بہت سے زخمی ہوئے تھے۔×

## Rajnath Airforce Conclave

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے واضح طور پر کہا ہے کہ آپریشن سندور سے بھارت کی اعلیٰ صلاحیت اور مختصر عرصے میں حاصل کی جانے والی کامیابی کا اظہار ہوا ہے۔ انھوں نے یہ بات نئی دلّی میں فضائیہ کے کمانڈروں کی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

وزیرِ موصوف نے بھارت کے فضائی نظام اور آپریشن سندور کے دوران موثر طور پر استعمال کئے گئے دوسرے ساز و سامان کی ستائش کی۔ اس کے علاوہ، انھوں نے کمانڈروں پر زور دیا کہ مستقبل کے ہر چیلنج کیلئے وہ اِس آپریشن سے سبق سیکھیں۔ انھوں نے اُس شجاعت، رفتار اور درستگی کی ستائش کی جس کے ساتھ بھارتی فضائیہ نے آپریشن کے دوران، دہشت گردی کے کیمپوں کے تباہ کیا نیز ان حملوں کے بعد پاکستان کے غیر ذمے دارانہ ردِّ عمل کا موثر طور پر جواب دیا۔x

## Nadda Afghanistan

بھارت نے افغانستان کیلئے طبی اور انسانی بنیادوں پر امداد کے عزم کو دوہرایا ہے۔ کل نئی دلّی میں افغانستان کے عوامی صحت کے وزیر مولوی نور جلالی کے ساتھ ملاقات میں صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر جے پی نڈا نے کہا کہ بھارت نے گزشتہ چار سال کے دوران 327 ٹن ادویات اور ٹیکے افغانستان کو فراہم کیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ افغانستان کی عوامی صحت کی وزارت کی جانب سے کی گئی درخواست کے مطابق کینسر کی دوائیں اور CT اسکین مشین، افغانستان بھیجے جانے کیلئے تیار ہیں، جو اِس مہینے کے آخر تک وہاں پہنچ جائیں گی۔ جناب نڈا نے مزید کہا کہ ریڈیو تھیراپی مشین اور اضافی طبی سپلائیز سے متعلق افغانستان کی تجویزوں پر بھی کام جاری ہے۔ x

## CCI IndiGo

بھارت کے کمپٹیشن کمیشن CCI نے IndiGo کے خلاف درج کردہ معلومات کی سماعت کی ہے۔ یہ سماعت مختلف روٹس پر ہوا بازی کے شعبے میں پروازوں میں حالیہ خلل کے تناظر میں کی گئی ہے۔ اس نے کہا ہے کہ ابتدائی تجزیے پر مبنی کمیشن نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ کمپٹیشن ایکٹ 2002 کی گنجائشوں کے مطابق اِس معاملے میں مزید کارروائی کرے گا۔x

## Sutar Demise

معروف مجسمہ ساز، رام وَنجی سُتار، کل رات اترپردیش کے نوئیڈا میں چل بسے۔ انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر 100 سال کی عمر میں آخری سانس لی۔ وہ ضعیف العمری کے شکار تھے۔ سُتار کو دنیا کے سب سے بڑے مجسمے، گجرات کے اسٹیچو آف یونیٹی کے ڈیزائن کیلئے جانا جاتا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے سُتار کے انتقال پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ x

## India Netherlands

بھارت اور نیدر لینڈس نے آج کُھلے، آزاد، شمولیاتی اور ضوابط پر مبنی بھارت–بحر الکاہل خطے کے تئیں مشترکہ عزم کو اجاگر کیا ہے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور نیدر لینڈرس کے وزیر خارجہ David Van Weel نے آج نئی دلّی میں منعقدہ میٹنگ کے دوران دونوں ملکوں کے درمیان بڑھتے مضبوط دفاعی تعلقات کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے دفاعی آلات کی مشترکہ پیداوار اور مشترکہ ترقی جیسے ترجیحی شعبوں سمیت دو طرفہ سلامتی اور دفاع کے وسیع تر موضوعات پر تبادلۂ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے اسٹریٹجک شراکت داری کے کلیدی ستون کے طور پر دفاعی اشتراک پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے اپنی فوجوں کے درمیان تعاون بڑھانے کے عزم کی توثیق کی۔x

## Australia Violence

آسٹریلیائی پولیس نے آج سڈنی ساؤتھ ویسٹ سے 7افراد کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس نے گرفتاری اس خفیہ اطلاع کے ملنے کے بعد کی ہیں جس میں اس بات کا شبہ تھا کہ لوگ شہر میں کوئی پرتشدد واقعہ انجام دینے کی سازش کر رہے ہیں جو کہ ابھی بھی Bondi Beach Shooting واقعہ کے اثر میں ہے۔New South Wales State پولیس نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ اب تک وہ Bondi دہشت گردانہ حملے کی حالیہ تحقیقات میں ان افراد کے کسی طرح کے تعلق کا پتہ نہیں لگا پائے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ گاڑی میں سوار افراد Bondi Beach کی طرف جا رہے تھے۔x

## Roll Ball WC Dubai

بھارت کی مردوں اور خواتین کی ٹیموں نے آج دُبئی میں 2025رول بال عالمی کپ جیت لئے ہیں۔ دونوں ٹیموں نے سابق چمپئن کینیا کو دو فائنلز میں ہرا کر عالمی چمپئنس کے یہ خطاب حاصل کئے ہیں۔ بھارتی خواتین کی ٹیم نے کینیا کو تین–دو کے اسکور سے شکست دی۔ اس جیت کے ساتھ ہی بھارتی خواتین نے یہ تیسرا خطاب حاصل کرکے کینیا کی برابری کرلی ہے۔

اسی دوران، بھارتی مردوں کی ٹیم نے کینیا کے خلاف ایک شاندار جیت درج کی۔ پہلے وہ چار–آٹھ سے پیچھے چل رہی تھی لیکن بعد میں اُس نے ریکارڈ پانچویں مرتبہ ٹائٹل حاصل کرنے کیلئے گیارہ–دس کی شاندار جیت حاصل کی۔ مردوں اور خواتین کی ٹیم مسلسل چوتھی مرتبہ یہ خطاب جیتی ہے، جس کا آغاز 2013میں ہوا تھا۔ 2023 کے پچھلے ایڈیشن میں کینیا نے یہ خطاب حاصل کیا تھا۔ اس سے قبل بھارت نے 2013میں خواتین کے عالمی کپ کے افتتاحی ایڈیشن میں جیت حاصل کی تھی اور 2017میں اس چمپئن شپ کا خطاب بھی حاصل کیا تھا۔x

## Badminton

بیڈمنٹن میں بھارت کی مردوں کی ستوک سائیراج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی ڈبلز کی جوڑی، آج Fajar Alfian اور محمد Shohibul Fikri کی اندونیشیائی جوڑی کو تین گیمز میں اکیس–گیارہ، سولہ–اکیس، اکیس–گیارہ

سے شکست دے کر چین کے ہانگزو میں BWF World Tour فائنلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ اِس جیت کے ساتھ ستوک اور چراغ نے گروپ میں سب سے اوپر پہنچ گئے ہیں، جبکہ انڈونیشیائی کھلاڑی دوہری شکست کے بعد باہر ہوگئے ہیں۔ ستوک اور چراغ کی جوڑی، کل اپنے فائنل گروپ گیم مقابلے میں ملیشیا کی Aaron Chia اور Soh Wooi Yik کی جوڑی کے ساتھ کھیلیں گے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆